# 11391 ـ الله تعالی کے اسم " المتین " کا معنی ۔

**سوال**

الله تعالی کے اسم " المتین " کا معنی کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

الله سبحانہ وتعالی ذوالقوۃ المتین : یعنی سخت قوت و اقتدار والا ۔

اوروہ اللہ تعالی قوت شدیدہ کا مالک ہے جوکہ منقطع نہی ہوتی ، اورنہ ہی اسے افعال میں کسی قسم کی کوئ مشقت و دشواری اورتھکاوٹ کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

اوراللہ سبحانہ وتعالی ایسی قوت بالغہ کا مالک ہے جو کہ ان افعال میں نقص کا شکار نہیں ہوتی اورنہ ہی ختم ہوتی ہے ، اللہ تعالی ان عیوب اور نقائص سے بلندو بالا اور منزہ ہے ۔ .